© rasailojaraid.com



یکساں فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔ نہایت عمدہ اور مفید کتاب ہے۔ فاضل مرتب نے علامہ مرغینانی کے ذاتی حالات، سوانح، مختلف ممالک اور تعلیمی مراکز کے اسفار، مشائخ کی شفقتیں، علمی ذوق و شوق اور مشاغل، اپنے معاصرین میں انکا فقہی مقام و مرتبہ، اسلوب بیان و طرز استدلال، ہدایہ کے شروح و حواشی اور دیگر عنوانات پر بیش بہا معلومات جمع کر کے کوزے میں دریا بند کر دیا ہے۔ (تبصرہ: خادم حسین)

## ضرب درویش

مرتبہ: محمد ریاض درانی ضخامت: ۲۴۴ صفحات
ناشر: جمیعت پبلیکیشنز، متصل مسجد پائلٹ ہائی سکول
وحدت روڈ لاہور۔ فون ۷۵۶۱۰۲۵ قیمت: ۱۸۰ روپے

زیر مطالعہ و تبصرہ کتاب "امریکہ کی اسلام دشمنی پر ضرب درویش" جمیعت علماء اسلام کے امیر مولانا فضل الرحمن کے انٹرویوز اور اخبارات و رسائل کے اداریوں اور تبصروں پر مشتمل ایک تاریخی دستاویز ہے۔ یہ تمام مواد مولانا فضل الرحمن کی امریکہ مردہ باد تحریک کے سلسلے کی کڑی ہے۔ کارگل کی پسپائی کے بعد امریکہ افغانستان پر چڑھائی کا خوفناک منصوبہ بنا چکا تھا۔ اس کا اول و آخر مقصد طالبان کی اسلامی حکومت کا خاتمہ تھا اور اب بھی ہے۔ یہ اگست ۱۹۹۹ء کی بات ہے کہ اس سازش کا بروقت علم ہونے پر مولانا فضل الرحمن نے امریکہ کو للکارا اور امریکی سازش کا بھانڈا بیچ چوراہے کے پھوڑ دیا۔ مولانا نے امریکہ کو خبردار کیا کہ اگر افغانستان پر اس نے حملہ کیا تو پاکستان میں خصوصاً اور دنیا میں جہاں موقع ملا ایک بھی امریکی زندہ نہیں چھوڑیں گے۔ مولانا کا موقف پوری دنیا کے پریس کا موضوع بنا۔ موافقت اور مخالفت میں ردّ عمل سامنے آیا۔ لیکن افغانستان پر مجوزہ امریکی حملہ ٹل گیا۔ محمد ریاض درانی انتھک دینی و سیاسی کارکن ہیں، ذرائع ابلاغ کی نزاکتوں کو خوب سمجھتے ہیں۔ اپنی انہی خوبیوں کی وجہ سے جمیعت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ہیں انہوں نے ساری کہانی کی تفصیلات بڑی عرق ریزی سے مرتب کر کے یہ تاریخی دستاویز شائع کی ہے۔ "قادری فتویٰ اور مولوی اسرائیل" کے عنوانات کے تحت شائع ہونے والے دو اخباری کالم اس کتاب میں خاصے کی چیز ہیں۔ جمیعت علماء اسلام کے کارکنوں اور دینی مدارس کے طلباء و مدرسین کے لئے یہ کتاب رواں سال ۲۰۰۰ء کا بہترین تحفہ ہے۔ پیش لفظ فقیہ العصر حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید کے قلم سے ہے۔ اور تقریظ حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب مدظلہ نے تحریر فرمائی ہے۔ جبکہ مفتی محمد جمیل خان صاحب کا جان دار مقدمہ کتاب کی زینت ہے۔ (تبصرہ: خادم حسین)


## ماہانہ مجلس ذکر و روحانی اجتماع

۲۹ جون بروز جمعرات بعد نماز عشاء دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
بعد از ذکر امیر احرار حضرت پیرجی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم
اصلاحی و تربیتی بیان بھی فرمائیں گے۔ احباب و متعلقین نماز مغرب تک پہنچ جائیں

المعلن۔ ناظم مدرسہ معمورہ ملتان فون 061-511961


© rasailojaraid.com